قیمت: 40 روپے

گھر میں سب بیمار: اگر گھر میں سب بیمار رہتے ہوں تو اس نقش کو گھر میں لٹکا دیں۔ ان شاء اللہ، سب ٹھیک ہو جائیں گے۔

قیمت: 40 روپے

تہدیدی نامہ: حضور پرنور ﷺ سے منسوب ایک خط جو جنات کے نام لکھا گیا تھا۔ اس کی روایت اگرچہ ضعیف ہے مگر اس کی تاثیر بہت عاملین کے تجربہ میں آئی ہے۔ مریض کے گلے میں ڈالنے، تکیہ کے نیچے رکھنے، مریض کے پاس رکھنے یا کمرے میں لگانے کے لیے چھوٹے سائز میں دستیاب ہے۔

قیمت: 85 روپے

خالی مربع: ۴×۴ یعنی سولہ خانوں کا خالی تعویذ۔ عاملین اپنی مرضی سے اس کو استعمال کریں۔ تعویذ بنائیں، نقوش بنائیں یا الواح بنائیں۔ سفید کاغذ، زعفرانی رنگ کی روشنائی۔ قیمت: 105 روپے

رقیہ نظر و حسد: خزینہ روحانیات کے نظرِ بد نمبر کے صفحے 90 پر چھپنے والے پر رقیہ نظر و حسد، جو نظر و حسد کے اثرات سے نجات و حفاظت کے لیے بہت مجرب ہے۔ نیز جادو، جنات اور ہمہ قسم بداثرات سے نجات و حفاظت کے لیے بہت مفید ہے۔ سفید کاغذ، زعفرانی رنگ کی روشنائی۔ قیمت: 110 روپے

حفاظت مریض و جگہ کا خاص تعویذ: سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی، معوذتین، تہدیدی نامہ، قرآنی آیات، اسماء الحسنیٰ اور احادیث کی دعاؤں پر مشتمل ہر طرح کی آفات، بلیات، بداثرات سے حفاظت کا خاص تعویذ۔ سفید کاغذ، زعفرانی رنگ کی روشنائی۔ قیمت: 85 روپے

حزب البحر: مشہور دعا کا تعویذ۔ مکمل دعا حزب البحر لکھی ہوئی ہے۔ دنیا کے ہر جائز مقصد کے حصول اور پریشانی و مشکل کے دفع، خاص کر معاشی مسائل کے حل کے لیے انتہائی مجرب ہے۔ سفید کاغذ، زعفرانی رنگ کی روشنائی۔

قیمت: 110 روپے

روحانی دکان دارالعمل الحشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0346-4312272
042-35410586
0320 0334 4312272
ruhanishop
ruhani.shop
ruhani-shop
خاص خاص اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/UVdyD7

سورۃ الناس کے خاص الخاص عمل کے عامل بنیں

ہدیہ: 9100 روپے

تعارف: دارالعمل چشتیہ کے جناتی اور روحانی سلسلہ کے بزرگ جنات کی زیر سرپرستی سورت الناس کے خاص الخاص عمل کی خاص اور اہم ریاضت و چلہ کشی جس کی تکمیل پر جنات کی ایک طاقتور اور تربیت یافتہ جنات کی جماعت حاصل ہوگی اور اور امیر جماعت کا نام بھی بتایا جائے گا۔ اس کی برکت سے آپ روحانیت کے میدان کے اہم شاہسوار اور جادو جنات اور روحانی دیگر مسائل کو باآسانی حل کرنے کی صلاحیت سے مالا مال اور جدید اور کامیاب روحانی ہتھیار سے لیس ہو کر روحانی میدان میں کامیابی کے جھنڈے گاڑتے چلے جائیں گے (ان شاء اللہ)۔

مکمل عمل اور چلوں کی ترتیب بزرگ جنات کی طرف سے ہی بتائی گئی ہے۔ سورۂ ناس کے چار چلے کروائے جائیں گے اور ایک بار ہی ہدیہ لیا جائے گا۔ پہلے دو درجوں کی تکمیل کے بعد اگر آپ کی ''ظاہری نظر'' کھلی ہوئی ہے تو آپ کو جنات نظر آنا شروع ہو جائیں گے اور اگر آپ کی نظر نہیں کھلی تو بعد تکمیلِ عمل، جس کی نظر کھلی ہو، اس کے سامنے سورۂ ناس پڑھیں گے تو اس کو سورۂ ناس کے جنات نظر آئیں گے۔

عمل کے فائدے: اس سورت کا عامل بننے کے بعد آپ جو فوائد حاصل کر سکیں گے، ان میں سے چند درج ذیل ہیں:

٭.....دشمن کے شر سے حفاظت نجات	٭.....آسیب اور جنات سے نجات وحفاظت	٭.....جادو کے توڑ کے لئے طاقتور عمل
٭.....واپسی سحر	٭.....واپسی مفرور	٭.....مختلف بیماریوں کا علاج
٭.....حصول دولت وفراخی رزق	٭.....زبان بندی	٭.....قید سے رہائی
٭.....حل المشکلات	٭.....ہر جائز مقصد کا حصول	٭.....اور بہت کچھ

کون عامل بن سکتا ہے: اس عمل کا عامل ہر کوئی بن سکتا ہے۔ عمر کی کوئی قید نہیں۔ مرد و خواتین..... دونوں عامل بن سکتے ہیں۔

عمل کی شرائط: اس عمل کے طریقۂ کار (چلہ کشی کے طریقے و دیگر معلومات) کو کسی دوسرے کو نہیں دکھانا اور نہ بتانا ہے۔ خلاف ورزی کرنے پر آپ کا عمل ختم ہو جائے گا اور جو جماعت ملی تھی، وہ واپس چلی جائے گی اور عمل دوبارہ کسی صورت بحال نہیں ہوگا۔ نیز اگر کچھ نقصان بھی ہوا تو اس کا ذمہ دار عامل خود ہوگا۔

عمل کا ہدیہ: سورۂ ناس کا عامل بننے کے لیے عمل کا ھدیہ ادا کر کے چلہ کشی کرنا ضروری ہوتی ہے۔

خاص اجازت: اس عمل کا عامل بننے کے لیے چلہ کرنا شرط ہے۔ یہ عمل خاص اجازت سے جاری نہیں ہوتا۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: اس عمل کی آگے کسی کو سکھانے کی اجازت نہیں ہے۔ اس لیے آگے سکھانے کی اجازت کے حوالے سے رابطہ نہ کریں۔

نوٹ چاروں درجے مکمل کرنے کے بعد ہی اس عمل کے جنات سے کام لیا جا سکتا ہے، اس سے پہلے نہیں۔ نیز اگر کسی نے چار درجے مکمل نہ کیے یا نہ کر سکا تو ہدیہ واپس نہ ہوگا، نہ ہی کسی دوسرے عمل میں منتقل ہوگا اور نامکمل چھوڑنے پر کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ نیز جناتی معاونت بالکل نہیں ہوگی۔

0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97
روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

جادوئی پلیدی والے اعمال کا علاج

السید علی حسین شاہ

جادو کے ذریعے پلیدی والے عمل کے اثرات

بعض حالت میں ایسا بھی ہوتا ہے جس سے مریض کا دل ہر برا کام کرنے کو کرتا ہے اور وہ کثرت سے ایسے کاموں کی طرف راغب رہتا ہے جس سے دوسرے افراد تعجب اور حیرت ظاہر کرتے ہوئے اس سے نفرت کرنے لگ جاتے ہیں لیکن اس بات کو قطعی نہیں سمجھتے کہ اسے کیا ہوا ہے؟ ایسا جادو بھی ہوتا ہے جس سے پلیدی کی جگہ پر رہنے والی مخلوق اپنے عامل کے ماتحت اور اس کے حکم کے مطابق اس فرد کے جسم کے اندر گھس جاتی ہے اور جو اس مخلوق کا کام ہوتا ہے وہ اس فرد سے لیتی ہے اور یہ سلسلہ تب تک چلتا رہتا ہے جب تک وہ عامل اس مریض کی جان نہ چھوڑے یا اس مریض کا علاج نہ کیا جائے جس سے وہ مخلوق تنگ ہو کر اس مریض کی جان کو چھوڑ دے۔ اس کے مکمل دفعیہ کیلئے چاندی کے چار کیل اس طریقے سے بنوائے کہ وہ اندر سے خالی رہیں اور باہر ان پر کوئی بھی عبارت صحیح طور سے لکھی جائے پھر پہلے کیل پر چھوٹے چھوٹے حروف میں پہلا قل شریف، دوسرے پر دوسرا، تیسرے پر تیسرا اور چوتھے کیل پر چوتھا قل شریف لکھ کر انہیں پانی میں ڈال کر اس کا پانی مریض کو پلایا جائے۔ اور گھر کے تمام افراد چاروں قل شریف کو زعفران سے پاک سفید کاغذ پر لکھ کر اپنے گلے میں باندھیں۔ اللہ کے فضل سے جسم میں گھسی ہوئی پلیدی کا خاتمہ ہوگا۔

قل اعوذ برب الناس ملک الناس الٰہ الناس من شر الوسواس الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس

ناانجانی پلیدی کا خاتمہ

بعض مرتبہ ایسا بھی ہوتا ہے جس سے مریض کسی ناانجانی بیماری میں مبتلا ہو جاتا ہے اور مرض کی صحیح نشاندہی نہیں ہوتی لیکن مریض کی حرکات وسکنات سے اس بات کا اندازہ ضرور ہوتا ہے جس سے وہ ایسی کسی بیماری میں مبتلا ہے جو نفسانی خواہشات کو بڑھانے میں مدد دیتی ہے اور اللہ کا کلام سن کر غصہ ابھر آتا ہے۔ یہ علم بھی پلید قسم کا ہوتا ہے جس سے اس عمل کا عامل مریض کو اس مصیبت یا بیماری میں مبتلا کر سکتا ہے۔ اس لئے اگر کوئی ایسا فرد ہو اور اسے اپنی نفسانی خواہشات پر شک گزرنے لگ جائے کہ ایسا پہلے نہیں ہوتا تھا اور نہ ہی پہلے ایسا ہونا چاہئے تھا لیکن ایسا ہو رہا ہو تو سفید کبوتر کو بروز اتوار ذبح کرے اور اس کے خون سے اس نقش کو لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اور نماز پڑھنے میں کوتاہی نہ کرے۔ شفاء ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ پاک ہے	اللہ بے عیب ہے	اللہ ظاہر کو جانتا ہے	اللہ باطن کو جانتا ہے
ھوالقاھر والطاھر	ھوالقاھر والطاھر	ھوالقاھر والطاھر	ھوالقاھر والطاھر
ھوالقوی والعلی	ھوالقوی والعلی	ھوالقوی والعلی	ھوالقوی والعلی
لاالہ	الااللہ	محمد رسول	اللہ

فلاں بن فلاں کو اللہ اپنی پاک کلام کے صدقے میں شفاء سے نوازے (آمین)۔

کوئی وعدہ نہیں کوئی دعویٰ نہیں

روحانی راکھ (1)

جادو، جنات اور مختلف امراض سے نجات ہدیہ: 200 روپے

جادو اور جنات کے متاثرہ ایسے مریض، جو جسمانی طور پر چاہے جتنے مرضی متاثر ہوں، جنات کی حاضری ہوتی ہو، جنات دماغ کنٹرول کرتے ہوں، جنات نے جسمانی تعلقات قائم کر رکھے ہوں اور اس جیسی دیگر علامات میں یہ راکھ استعمال کرنے سے مریض کو شفاء ملتی ہے۔ نفسیاتی امراض میں بھی یہ راکھ بہت مفید ہے۔ یہ ایک کرامتی راکھ ہے۔

0334-4312272, 042-35410586

روحانی دکان دار العشق

ruhanishop

شرفِ قمر کے اعمال

اراکین روحانی علاج گاہ

ابتداء	خاتمہ
27-11-20 12:46	27-11-20 14:47

خلقت میں مقبول خلائق ہونا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کا مربع لفظی لکھ کر اس پر سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر دم کر کے جو کوئی اپنے پاس رکھے، وہ خلقت میں بارعب اور مقبول خلائق ہوگا۔ عاملین اس موقع سے فائدہ اٹھائیں اور زعفرانی سیاہی سے جتنے زیادہ تعویذ ہو سکیں، لکھ کر رکھ لیں۔ جب کسی سائل کو دینا ہو تو اس کا نام معہ والدہ اور مقصد لکھ کر اعلیٰ عربی عطر لگا کر دیں اور سائل کو کہیں کہ کم از کم اکیس (۲۱) دن تک روزانہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ پڑھ کر تعویذ پُر کرے۔ اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف۔ اکیس (۲۱) دن کے بعد چوراسی (۸۴) مرتبہ کا روزانہ کا معمول رکھے۔ اوّل و آخر ایک بار درود شریف۔ تعویذ آتشی چال والا یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ

آتشی چال والا تعویذ ان افراد کے لیے ہے، جن کے نام کا پہلا حرف ''ا۔ھ۔ط۔م۔ف۔ش۔ذ'' سے شروع ہوتا ہے یعنی آتشی مزاج والے۔ اسی اصول پر بادی، آبی اور خاکی چال والے تعویذ دیے جائیں۔

ہبوطِ قمر کے اعمال

اراکین روحانی علاج گاہ

ابتداء	خاتمہ
14-11-20 00:28	14-11-20 02:03

برائے جدائی

اس نقش کو لکھ کر قبر کہنہ میں ہفتہ اور منگل کو دفن کرے۔

یاقاھر	ذاللبطش	الشدید	انت الذی
ذالبطش	الشدید	انت الذی	لایطاق
الشدید	انت الذی	لایطاق	انتقامہ
انت الذی	لایطاق	انتقامہ	یاقاھر

دشمنوں میں جدائی ڈالنا

نقش مخمس لکھ کر چاروں طرف سے آیت وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ لکھ کر پھر اس نقش کے الگ الگ خانے بنائیں جن کی تعداد پچیس ہوگی۔ پھر ہر خانہ میں ایک فلفل سیاہ لپیٹ کر دعائے برہتی ایک مرتبہ پڑھ کر دشمن کے آستانہ میں دفن کر دیں۔ پس بعد ہفتہ قدرت خدا کا تماشا ملاحظہ کریں۔ کام بہت جلد ہوگا۔ دشمن مکان چھوڑ دے گا۔ لڑائی جھگڑا آپس میں جدائی ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے:

وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ

۶۲	۸	۵	۶۱	۷
۵۹	۸	۱۵	۱۰	۶
۱	۱۴	۱۳	۱۷	۶۴
۲	۹	۱۱	۱۲	۶۳
۵۸	۱۶	۶۰	۴	۳

وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ

اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ

اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ بغض فلاں بن فلانۃ

البغض فلاں بن فلاں فلانۃ الوحا العجل الساعۃ

چاند گرہن کے اعمال

مرتب: اراکین روحانی درس گاہ

آغاز	مکمل	اختتام
30-10-2020	30-10-2020	30-10-2020
دوپہر 12:32	دوپہر 14:42	شام 16:53

سرعت انزال کا عمل

حضرت ذوالفقار احمد عزیزؒ تحریر فرماتے ہیں کہ جس انسان کو سرعت انزال کی بیماری ہو، اگر وہ کسی دوائی سے ٹھیک نہ ہو رہی ہو تو اس کو چاہیے کہ گرہن کے وقت کالی سیاہی سے سانس بند کر کے لکھے۔ جتنا لکھ سکے، لکھ کر پھر سانس لے اور پھر سانس بند کر کے آگے لکھنا شروع کرے۔ جب عبارتِ تعویذ پوری ہو جائے تو موم جامہ کر کے رکھ لے اور جب ضرورت پڑے، اپنی بائیں ران پر باندھ لے۔ صرف حق وحلال کام کے لیے یعنی اپنی بیوی کے لیے استعمال کرے، باقی اجازت نہیں۔ حرام عمل کرنے والا قیامت کے دن خیانت کاروں میں گنا جائے گا اور یہ چیز اثر بھی نہ کرے گی۔ صرف حلال کام کے لیے اجازت ہے۔ جو خود نہ بنا سکے وہ ادارے سے رابطہ کرے۔

تعویذ کی عبارت یہ ہے:

ابجد، ھوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ، وقیل یا ارض ابلعی مائك ویاسمآء اقلعی وغیض المآء وقضی الامر کلما اوقدوانار للحرب اطفاھا اللہ امسك ایھا الماء النازل ومن صلب فلاں بن فلاں بلا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علی سیدنا محمد والہ وصحبہ وسلم۔

دعوت حروف نورانی

حضرت سید شعیب الرحمن شاہ تحریر فرماتے ہیں کہ دعوتِ حروف نورانی ایک خاص دعوت ہے جس کی برکت سے تمام نحوستیں، رجعتیں ختم ہو جاتی ہیں۔ حروف نورانی کی دعوت ایک خاص طریقے سے دی جاتی ہے۔ وہ طریقہ میں خزینۂ روحانیات میں لکھ رہا ہوں۔ اس میں یہ زکات ادا کریں۔ اس کی برکت سے رجعت بھی دور ہو گی اور اسباب بھی پیدا ہوں گے۔ چاند گرہن/سورج گرہن مکمل ہونے سے آدھ گھنٹہ پہلے یہ نورانی حروف ایک گھنٹے تک لکھنا ہے۔ پھر اسے مٹی کے برتن میں بند کر کے دریا کے کنارے دفن کرنا ہے۔ اللہ کریم بہت برکت دے گا۔ عقل حیران رہ جائے گی۔

حروف نورانی یہ ہیں: ال رك ہ ی ع ض طس حم ق ن

اسم الٰہی "القابض" کی زکات کا طریقہ

مولانا زکریا جمال نے فرمایا کہ اسمائے الٰہی میں اسم الٰہی "القابض" کی زکات بھی گرہن میں دی جا سکتی ہے۔ اس اسم کے اعداد ابجد قمری سے **903** ہیں۔ روک تھام اور بندش کے معاملات میں یہ اسم الٰہی نہایت موثر ہے۔ بری عادتوں سے روکنے، ظالم سے محفوظ رہنے اور دشمن کو اس کے ناپاک اور ناجائز ارادوں سے باز رکھنے اور اٹھرا کے لیے اس اسم کی تاثیر سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ گرہن کے وقت شرائط کے مطابق اس اسم کو **313** مرتبہ پڑھ لیں تو ایک سال کے لیے اس کی زکات ادا ہو جائے گی اور پھر اس اسم کی روحانیت سے کام لینا آسان ہو گا۔ مگر خیال رہے کہ یہ اسم نہایت زبردست ہے۔ صاحب زکات کو ہمیشہ احتیاط و پرہیز کرنا لازم ہو گا۔ احتیاط و پرہیز میں سرفہرست ذہن وقلب کی صفائی ہے اور حقوق العباد کی ادائیگی ہے، ناجائز اور حرام امور سے گریز، بصورت دیگر عامل خود نقصان اٹھا سکتا ہے۔ زکات کی ادائیگی کے بعد اس اسم کا نقش مثلث خاکی چال سے لکھ کر اور ساتھ ہی مقصد لکھ کر استعمال میں لایا جائے۔ ہمارا طریقہ یہ ہے کہ اسم الٰہی "القابض" کا مثلث نقش خالی البطن استعمال میں رکھا جائے اور درمیان کے خالی خانے میں نام ومقصد تحریر کر دیا جائے۔

جادو ٹونہ سے حفاظت

حضرت غلام سرور شباب مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے اس منتر کو کسی بھی چاند یا سورج گرہن میں ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھ کر سدھ کریں۔ پھر جب ضرورت ہو، مسحور کے قد کے مطابق نیلے یا سفید رنگ کے سوت کا دھاگہ لے کر اُسے سات گنا کر لیں۔ پھر مندرجہ ذیل منتر سات مرتبہ پڑھ کر دھاگہ میں گرہ لگائیں اور دم کریں۔ اس طرح سات گرہ لگائیں اور ہر گرہ میں سات، سات مرتبہ دم کریں۔ پھر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرتے ہوئے گانٹھ والا مسحور کے گلے میں پہنا دیں۔ اس دھاگہ کے پہننے سے ہر قسم کی نظر بد، اثر بد، آسیب، سحر، جادو، ٹونہ دُور ہو گا اور ہر طرح کے بد اثرات سے حفاظت رہے گی، منتر یہ ہے:

آیت الکرسی، وچ قرآن۔ آگے پیچھے تو رحمان۔ لا الٰہ کا کوٹ۔ الا اللہ

کی کھائی۔ محمد رسول اللہ کی دوھائی۔ جادوٹونہ ٹوٹکا باندھ، نظر بد اثر بد بھوت پریت باندھ، جن چڑیل کو باندھ، یوگنی ڈیرا سب بلا کو باندھ۔ بحق یا بدوح، مدد مجھے بڑے پیر کی۔ شبد سانچا، پنڈ کانچا، پھُر منتر ایشور واچا۔''

عمل حل المشکلات

مولانا محمد رمضان احمد خان قادری تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی مرد بیمار ہے۔ جادو۔ جنات۔ آسیب۔ نظر بد کے زیر سایہ تکلیف میں ہے یا کاروبار میں بندش ہے، رزق میں بے برکتی ہے، رشتوں میں رکاوٹ ہے، گھر یا باہر لڑائی جھگڑا رہتا ہے، عقل مند اور سمجھدار ہونے کے باوجود اچھے فیصلے نہیں کر سکتا۔ تو گرہن کے ان اوقات میں فائدہ اٹھائیے اور دل لگا کر عمل کریں، سب مشکلات حل ہوں گی۔

سب سے پہلے **7** جگہوں کا پانی حاصل کریں جو وقف شدہ ہوں، کسی کی میراث نہ ہو اور حسب ضرورت زیتون اور سرسوں کا تیل مکس کر کے پاس رکھ لیں اور مشک وزعفران سے یہ نقش تیار کریں اور نیچے مختصر عزیمت لکھیں۔

۷۸۶

۲۱۶۹	۲۱۷۲	۲۱۷۵	۲۱۶۱
۲۱۷۴	۲۱۶۲	۲۱۶۸	۲۱۷۳
۲۱۶۳	۲۱۷۷	۲۱۷۰	۲۱۶۷
۲۱۷۱	۲۱۶۶	۲۱۶۴	۲۱۷۶

۷۸۶

۱۳۲۳	۱۳۲۷	۱۳۳۰	۱۳۱۶
۱۳۲۹	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۸
۱۳۱۸	۱۳۳۲	۱۳۲۵	۱۳۲۱
۱۳۲۶	۱۳۲۰	۱۳۱۹	۱۳۳۱

الٰہی فلاں بن فلاں کو فلاں مرض سے نجات ملے۔ اب اول آخر **11-11** بار درود ابراہیمی اور درمیان میں **101** بار آیت الکرسی اور سورۂ مبارک فلق وسورۃ الناس ہر ایک **500** بار پڑھ کر پانی، تیل اور ان نقش پر دم کریں، اب بزرگان دین کے نام پر نیاز دلائیں۔ چالیس دن تک روزانہ صبح شام **100-100** بار مذکورہ وظائف پڑھ کر پانی پر دم کرتے رہیں اور پانی پیتے رہیں اور تیل کی مالش بھی کریں۔ بفضل اللہ سب بیماریاں، امراض اور مشکلات ختم ہوں گی۔ ان شاء اللہ عزوجل۔

چاند گرہن اور محبت کا طلسمی کاجل

صوفی عمران رضوی قادری

یہ عمل علمائے مصر کے یہاں بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور اکثر مصری لوگ اس عمل سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ تسخیر خواتین کے لئے یہ ایک نہایت ہی سریع التاثیر اور زبردست قسم کا کامیاب و بے خطا مجرب المجرب عمل ہے۔ یہ عمل محبت کے ستائے ہوئے بے قرار دلوں کے لئے ایک تحفہ ہے۔ اس عمل کا دارومدار کالی بلی پر ہے، ترکیب عمل کے مطابق ایک کالی بلی کی آنول لے کر سایہ میں خشک کر لیں، اس کے بعد چاند گرہن میں آنول مذکورہ بالا کو کپاس کی نئی روئی میں لپیٹ کر چاندی یا تانبے کے چراغ میں گائے کا گھی یا روغن یاسمین ڈال کر اس کا کاجل تیار کر لیں، تیار شدہ کاجل میں روغن بادام حسب ضرورت شامل کریں اور سنبھال کر رکھ چھوڑ دیں۔

محبت کا طلسمی کاجل تیار ہے، اس کاجل کو جو شخص اپنی آنکھوں میں لگا کر کسی غضب ناک حاکم یا کسی بھی مرد وعورت کے پاس جائے گا، وہ بکمال ومہربانی پیش آئے گا اور جو مطلب ہوگا اسے فوراً پورا کرے گا۔

عمل: اس کاجل کو استعمال کر کے اپنے دشمنوں کی بھیڑ میں چلا جائے تو اس کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکے گا بلکہ حاسدوں اور دشمنوں کی جماعت اس کے تابع فرمان ہو جائے گی، کسی محبوب کے سامنے جائے تو وہ دیکھتے ہی ایک نظر میں مطیع وفرمابردار ہو جائے، اگر ہمیشہ اس کاجل کو استعمال کرتا رہے تو چشم خلائق میں مقبول ومشہور ہو جائے، تمام لوگ اس سے محبت کریں گے بالخصوص عورتیں اس کی دلدادہ ہوں گی اور پیچھے پیچھے ماری ماری پھریں گی۔

نوٹ: اس قسم کے طلسمات چاند گرہن کے علاوہ دوسرے وقتوں میں بھی تیار کئے جاتے ہیں لیکن عوام الناس کے لئے ان وقتوں کا استخراج ایک مسئلہ ہے، اس لئے مشہور وقت جو کہ معتبر بھی ہے اور مشہور بھی، اس کا تعین کر دیا تا کہ ضرورت منداور شائقین حضرات فائدہ اٹھا سکیں۔

اگربتیوں کی ورائٹی کی تفصیل goo.gl/Qu6gRp

بکرے کا صدقہ

بکرے کا صدقہ کرنا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔عوام کے ساتھ ساتھ عاملین کے لیے بھی بکرے کا صدقہ کرنا بہت فائدہ مند ہے۔آج کے مہنگائی والے دور میں بکرے کا صدقہ کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔اور ہر ماہ باقاعدگی سے کرنا کا تو بہت سے لوگ سوچ بھی نہیں سکتے۔اس صورتحال کو دیکھتے ہوئے دارالعمل چشتیہ کی انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ بکرے کا صدقہ ایسے طریقے پر کیا جائے جس میں عوام اور عاملین آسانی کے ساتھ شامل ہو سکیں اور کم سے کم خرچ میں فائدہ اٹھا سکیں۔ایک فرد کے لیے یا ایک حاجت کے لیے مکمل بکرے کا صدقہ کرنے کا جو فائدہ ہوتا ہے،اتنا فائدہ ایک بکرے میں زیادہ حصہ دار کرنے سے نہیں ہوتا۔لیکن کچھ نہ ہونے سے کچھ ہونا بہتر ہے۔نیز،ہمارے ہاں جو بکرے کا صدقہ کیا جاتا ہے،اس پر عاملین اپنے خاص اعمال پڑھ کر دم بھی کرتے ہیں۔یہ خاص عملیاتی صدقہ ہوتا ہے۔اس لیے اس کا کم فائدہ بھی عام بکرے کے صدقے کے مقابلے میں بہت ہوتا ہے۔

محرم کے آخری منگل کو پابندی سے کئی سال سے بکرے کا صدقہ ادارے میں کیا جاتا ہے۔اس صدقے میں صرف ادارے کے اراکین ہی شامل ہوتے تھے۔اس سال سے یہ سہولت عوام اور دیگر عاملین کو بھی دی گئی کہ وہ محرم میں بکرے والے صدقے میں شامل ہو سکتے ہیں اور ساتھ ہی سال کے دیگر مہینوں میں بھی،جس کی اطلاع ماہنامہ خزینۂ روحانیات میں دی جاتے رہے گی۔

سائلین اور مریضوں کے لیے چند فوائد

درج ذیل میں چند ایسی صورتیں لکھی جاتی ہیں جن میں بکرے کا صدقہ کرنا بہت مفید مانا گیا ہے۔

- مصیبتیں اور پریشانیاں.....جن سے نجات نہ مل رہی ہو۔
- مشکلیں.....جن کا کوئی حل نہ نکل رہا ہو۔
- حاجت.....جو کسی طرح پوری نہ ہو رہی ہو اور طرح طرح کی رکاوٹیں پیش آ رہی ہوں۔
- سخت جادو.....جس سے باوجود بہت علاج کروانے کے نجات نہ مل رہی ہو اور بار بار اثرات آ رہے ہوں یا روحانی علاج میں رکاوٹ آ رہی ہو۔
- جنات اور شیاطین.....کسی طرح نجات نہ مل رہی ہو۔
- رشتے اور شادی کے معاملات.....مسلسل رکاوٹیں آ رہی ہوں۔
- بیماریاں.....بہت علاج کے باوجود شفایابی نہ مل رہی ہو۔
- معاشی معاملات.....روزگار نہ ملنا،کاروبار نہ چلنا یا بندش کا شکار،ملازمت میں پریشانی یا خطرے میں پڑ جانا۔
- ازدواجی و سسرالی مسائل.....طلاق تک نوبت،شوہر کا بہت مار پیٹ کرنا،غیر عورتوں سے ناجائز تعلقات،سسرالیوں کا ناجائز تنگ کرنا۔

عاملین کے لیے فائدے

جو عامل جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کا علاج کرتے ہیں،وہ ایک طرح سے حالتِ جنگ میں ہوتے ہیں۔دشمن جادوگروں اور جنات وشیاطین سے ہر وقت حملہ کا ڈر رہتا ہے۔حصارات کی پابندی جتنی بھی کی جائے،بھول چوک ہو ہی جاتی ہے۔اگر نہ بھی ہو اور عامل پابندی کرتا ہو تب بھی اس کے گھر والوں کی پابندی نہ کرنے سے اثرات اہل وعیال پر آ ہی جاتے ہیں۔کمزور حفاظت والے عاملین اکثر رجعت اور بندشوں کا شکار رہتے ہیں۔کبھی عمل چلنا بند ہو جاتے ہیں،کبھی خود بیمار،کبھی بیوی بچے بیمار،کبھی روزگار کی بندش اور آمدن بالکل نہ ہونے کی شکایت۔اسی طرح کے مسائل کا شکار عاملین بھی بکرے کے صدقے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور باقاعدہ سے ہر ماہ آخری منگل کو صدقہ ادا کر کے روحانی اثرات سے پیدا ہونے والی بندشوں،رکاوٹوں،مصیبتوں،پریشانیوں اور بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں اور اگر خدانخواستہ مبتلا ہو گئے تو ان شاء اللہ،بہت جلد نجات کی صورت نکل آئے گی۔

بکرے کے صدقہ میں شامل ہونے کا طریقہ

یہ صدقہ اسلامی ماہ کے آخری منگل کو کیا جائے گا۔جو احباب شامل ہونا چاہیں،وہ **2500** روپے ہر اسلامی ماہ کی بیس تاریخ تک ادارے میں جمع کروا دیں۔سائل کا نام معہ والدہ،شہر اور مقصد/حاجت واضح بتائیں۔عاملین کے لیے صرف اپنا نام وشہر اور یہ نیت کہ ہر طرح کے جادو جنات کے علاج کرنے کے مضر اثرات سے اپنی واہل وعیال کی حفاظت ونجات کی نیت کافی ہے۔اگر کوئی اور خاص مقصد ہو تو وضاحت کی جائے۔

نوٹ ادارے کو اختیار ہے کہ کسی ماہ صدقہ کا عمل بغیر وجوہات بتائے منسوخ کر دے۔جو رقم لی جائے گی،وہ ادارے کے پاس امانت ہوگی۔چاہے سائل واپس لے،چاہے اگلے بار کے صدقے کے لیے متعین کر دے۔

0342-7772772, 042-35410586
روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ
ruhaniilajgah
darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com
0324-7772772 ruhaniilajgah96

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

نظراتِ سیارگان کے اعمال

تسخیر جام اکابر و ملوک

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
شمس تسدیس مشتری	14-11-20 04:20	15-11-20 08:57	16-11-20 13:37

اس امر کے لیے عدد عزیز ۹۴ عدد، حروف ناری اھلمفشد ۱۱۳۵ عدد، حروف بادی ہوینصتض ۱۳۵۸۔ آیت قل اللّٰھم ..... کل شئی قدیر کے اعداد کو کام میں لانا ہے لیکن اس طریق سے کہ حروف ناری میں مطلوب کے عدد بھی شامل ہوں اور خانہ ۱۰ میں جگہ پائے۔ حروف بادی میں اسمِ طالب کے عدد شامل ہوں اور خانہ ۱۵ میں درج ہوں۔ لفظ عزیز خانہ اول میں اور آیت کے عدد خانہ ۸ میں ہوں۔ مثال نقش کی بغیر نام طالب و مطلوب کے دی جاتی ہے۔ اس نقش کو بطریق ترفع تنزل مربع کے خانوں میں پُر کریں۔

عزیمت اس کی تیار کر کے بمطابق اعداد آیت روزانہ پڑھنی چاہیے۔ کاغذ پر لوح تیار کر کے سیدھے بازو پر باندھیں۔ بخور اس کا صندل و حسن لبہ ہے۔

تنزل مرتبہ

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
زہرہ تربیع مشتری	15-11-20 11:55	16-11-20 10:32	17-11-20 09:10

اگر چاہیں کہ کسی کو مرتبہ سے گرادیں۔ تو آیت وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ جو کہ سورۃ انفال ہے کے اعداد نکال کر اس میں مطلوب معہ والدہ کے نام کے اعداد جمع کر کے مثلث میں پُر کریں اور قبرستان میں دفن کریں تو مطلب حاصل ہوگا۔

اعداد سورہ مذکورہ کے دو ہزار چار سو ستر (۲۴۷۰) ہیں۔

بڑی سے بڑی حاجت پوری ہو

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
شمس تسدیس زحل	18-11-20 10:32	19-11-20 12:17	20-11-20 14:03

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ کوئی بھی حاجت ہو، کتنی ہی بڑی خواہش ہو، سورۂ یٰسین ایک ہی نشست میں پینتالیس (۴۵) مرتبہ پڑھیں اور دعا مانگیں۔ دعا لازماً قبول ہوگی۔ عمل کے شروع اور آخیر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ ہزاروں بار کا آزمودہ عمل ہے۔

درج بالا وقت کے دوران، شمس کی ساعت سے آغاز کریں۔ اگر ایک فرد کا ایک ہی نشست میں مذکورہ تعداد پڑھنا مشکل ہو تو طاق عدد میں افراد مل کر پڑھ سکتے ہیں۔ پڑھتے وقت تمام شرائط کو ملحوظ رکھیں۔

عداوت کے لئے

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
زہرہ تربیع زحل	18-11-20 19:44	19-11-20 16:28	20-11-20 13:13

آیت تفریق یعنی وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ فلاں بن فلاں الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ فلاں بن فلاں إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ (المآئدۃ:۶۴) کو یا آیت فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيبٌ (ھود:۶۴) تک کے اعداد نکال کر، اس میں طرفین کے نام معہ والدہ ملا کر دو مثلث پُر کریں۔ اور کپڑے میں لپیٹ کر دونوں کے گھروں میں یا راستے میں ایک ایک نقش دفن کریں تو عداوت ہو جائے گی۔ آیت والقینا کے اعداد تین ہزار تین سو چھتیس (۳۳۳۶) ہیں۔

نوٹ جو حضرات یہ اعمال خود نہ تیار کر سکیں، وہ ادارے سے رابطہ کر کے تیار کروا سکتے ہیں۔ رابطہ +92-334-4312272

اوج عطارد کے اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

ابتداء	خاتمہ
27-11-20 12:46	27-11-20 14:47

معزز و مکرم

کاش البرنی رحمۃ اللہ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر مندرجہ ذیل محلق شکل کو لکھے اور ارد گرد ایسے ہی کلمات لکھے اور اپنے پاس رکھے تو خلقت میں عزیز و محترم ہو۔ تسخیر خلق کے لیے پُراثر ہے۔ خواص اس کے بہت ہیں اور شرح طولانی ہے۔ حامل لوح ہذا خود اس کے اثرات ملاحظہ کرے گا۔

ب س م ال ل ہ ال ر ح م ن ال ر ح ی م ق ل الحمد للہ وسلام

۱۰	۴۵	۴۴	۷	۱۱	۱۲	۴۶
۹	۱۹	۳۴	۱۷	۲۰	۳۵	۴۱
۸	۱۸	۲۴	۲۳	۲۸	۳۲	۴۲
۴۹	۳۷	۲۹	۲۵	۲۱	۱۳	۱
۴۸	۳۶	۲۲	۲۷	۲۶	۱۴	۲
۴۷	۱۵	۱۶	۳۳	۳۰	۳۱	۳
۴	۵	۶	۴۳	۳۹	۳۸	۴۰

علی عبادہ الذین اصطفی ام من یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف السوء ویجعلکم خلفاء الارض

تمام رکاوٹوں کا خاتمہ، رزق و روزی میں برکت و ترقی

حافظ زاہد محمود صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ عین اوج کے موقع پر رجال الغیب و ساعت عطارد کا خیال رکھتے ہوئے مندرجہ ذیل نقش بنایا جائے اور عروج ماہ میں بروز بدھ ستارہ عطارد کے بخورات کی دھونی دے کر اپنے دائیں بازو میں یا گلے میں پہن لیں۔ وہ افراد جو نحوست عطارد کا شکار ہیں یا جن کے زائچہ میں ستارہ عطارد کمزور حالت میں ہے جس کی وجہ سے کاروباری ترقی رکی ہوئی ہے یا ملازمت و عہدہ میں ترقی نہیں ہو رہی باوجود کوشش کے کوئی وسیلہ نہ بنتا ہو یا وہ افراد جو سحر و جادو کے اثرات میں مبتلا ہیں اور علاج معالجے کے بعد بھی آرام نہیں آتا، ایسے خواتین و حضرات اس وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ اس کے علاوہ جن خواتین و حضرات کا برج جوزا و سنبلہ ہے ایسے افراد کے لئے بھی یہ خاتم عطارد معاون و دست غیب کا کام دے گی۔ اس نقش کے استعمال سے تمام رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا اور رزق و روزی میں بے اندازہ برکت و ترقی ہوگی اور جملہ بلیات و مصائب سے محفوظ رہیں گے۔ یہ نقش خزانہ ربی کی کلید ہے اور دست غیب کی قوی امید ہے۔

حصول ملازمت اور بیرون ملک ملازمت یا کاروبار میں ترقی کیلئے نقش تیار کرالیں۔ اس مقصد کیلئے جس آیت کی روحانیت سے مدد لیں گیں وہ یہ ہے: ان اللہ ھو الرزاق ذو القوۃ المتین. عدد 2241 ہیں۔

موکل: رغفائیل

مربع نقش تیار کریں۔ مربع نقش کے اوپر کے 4 خانوں میں نام..... مقصد..... آیت آئے گی۔ مقصد میں ملازمت یا ترقی کاروبار آئے گا۔ ملازمت بیرون ملک بھی لکھ سکتے ہیں۔ وقت مقررہ پر عرق گلاب و زعفران سے نقش تیار کریں۔

مثال: احمد بن زینب کو ملازمت ملے

۱ ۴ خانے احمد زینب ۲ ۴ خانے ملازمت ۳ ۴ خانے آیت کا پہلا حصہ ۴ ۴ خانے آیت کا دوسرا حصہ

۷۸۶

احمد زینب	ملازمت	ان اللہ ھو الرزاق	ذو القوۃ المتین
۴۶۸	۱۷۷۳	۱۲۳	۵۱۷
۱۷۶۲	۴۶۵	۵۲۰	۱۲۴
۵۱۹	۱۲۵	۱۷۷۱	۴۶۶

باطنی قوت بڑھانے والے آلہ یکسوئی کی تفصیل goo.gl/OFCAix

طلسمی انگشتری

حصول عزت وتوقیر، ترقی عہدہ وکاروبار، فراوانیٔ مال ودولت

صوفی پیر غلام سرور شباب صاحب مدظلہ (حویلی لکھا)

اگر آپ چاہیں کہ خاندان کے افراد اور ہر خاص وعام آپ سے عزت وتوقیر سے پیش آئیں، اجنبی لوگ بھی آپ کے گرویدہ ہوں۔ جہاں جائیں لوگ احترام سے پیش آئیں، کاروبار میں ترقی اور خیر وبرکت ہو۔ ملازمت میں اعلیٰ عہدہ پر ترقی ملے۔ مال ودولت میں فراوانی نصیب ہو سکے۔ ان تمام مقاصد کے حصول کے لیے مندرجہ ذیل طلسمی انگشتری بے نظیر ہے اور اپنے اثرات میں اکسیر اعظم ہے۔ طلسمی انگشتری کا نقش معظم قوی عشرہ کے قاعدہ سے تیار کیا جاتا ہے۔ عاملین جفر اس قاعدہ سے عجیب وغریب کام لیتے ہیں۔ یہ قانون مستحصلہ میں بھی بڑے کام آتا ہے۔ اور علم آثار میں بھی نہایت سریع الاثر ہے۔ آج کی نشست میں علم آثار الجفر کا ایک بے نظیر قاعدہ تحریر کر رہا ہوں۔

اس طلسمی انگشتری کا حامل لوگوں میں معزز رہتا ہے اور شاہانہ زندگی بسر کرتا ہے۔ ایسی بہو بیٹی جس کی سسرال میں عزت نہ ہوتی ہو، سسرالی لوگ بلاوجہ نفرت کرتے ہوں اور اسے بات بات پر بے عزتی کا نشانہ بناتے ہوں۔ خاوند بھی پرواہ نہ کرتا ہو۔ ایسی بہو بیٹی اگر طلسمی انگشتری تیار کر کے پاس رکھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ تمام گھر والے اس کی عزت کرنے لگیں گے۔ اگر اسی گھر میں دوسری بہو بیٹیاں بھی ہوں تب بھی ان میں معزز رہے گی بلکہ سسرالی لوگوں اور خاوند کی آنکھوں کا تارا بنی رہے گی۔

ایسا کوئی فرد جو اپنی کسی بری حرکت کی وجہ سے دوسروں کی نظروں میں ذلیل وخوار ہو گیا ہو تو اسے اپنی عزت بحال کرنے لیے طلسمی انگشتری تیار کر کے اپنے پاس رکھنی چاہیئے۔

اگر کوئی ملازم اپنے عہدہ یا منصب سے معطل ہو جائے یا اسے نکال دیا جائے یا اس کی ترقی روک دی جائے تو عہدہ یا منصب کی بحالی کے لیے طلسمی انگشتری مذکورہ تیار کر کے پاس رکھیں۔ ان شاء اللہ منصب پر بحال ہو جائے گا۔ اگر ترقی رکی ہو تو وہ بھی مل جائے گی۔

کشائش رزق، خیر وبرکت اور ترقی کاروبار، فراوانی مال ودولت کے لیے یہ انگشتری اکسیر اعظم ہے۔ ایسے تمام افراد کے لیے یہ طلسمی انگشتری بے نظیر اور ماندا کسیر الاحمر ہے جن کا تعلق خلقت سے رہتا ہے۔ مثلاً ڈاکٹرز، حکماء، تاجرز، دکاندار حضرات، وکلاء، انشورنس کمپنی کے ملازمین اور ایسے دیگر افراد۔

تیاری کا طریقہ

انگشتری مذکورہ کی تیاری کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام مع والدہ کے اعداد ابجد آدم سے استخراج کریں۔ پھر ان کو قوی عشرہ کریں اور مجموعہ کو یاد رکھیں۔ اب سورہ قدر کے اعداد (من الف شھر) تک ابجد آدم سے استخراج کریں اور ان کو قوی عشرہ کریں اور مجموعہ میں اپنے نام مع والدہ کے اعداد کا مجموعہ ملا کر تمام اعداد سے ایک مثلث خالی البطن پُر کریں اور مثلث کے بطن میں "یَامُعِزُّ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِکَ یَاعَزِیْزُ" تحریر کریں۔

مثال

ایک مثال سے طلسم کی تیاری کا طریقہ تفصیلاً تحریر کرتا ہوں تا کہ ہر قاری بقدر ضرورت فیض یاب ہو سکے۔

مثلاً احسن علی بن نسیم کوثر کے لیے طلسم تیار کیا جاتا ہے۔ احسن علی بن نسیم کوثر کے اعداد ابجد آدم سے استخراج کر کے قوی عشرہ کیا تو یہ اعداد حاصل ہوئے۔ **58710** اور سورہ قدر کی پہلی تین آیات یعنی (من الف شھر) تک کے اعداد ابجد مذکورہ سے استخراج کر کے قوی عشرہ کیا تو یہ اعداد حاصل ہوئے۔ **193080** اب ان دونوں کو جمع کیا تو مجموعہ حاصل ہوا۔ **251790**۔ اب ہمیں **251790** کا مثلث خالی البطن پر کرنا ہے۔

خالی البطن کا طریقہ

مثلث خالی البطن پر کرنے کا قانون یہ ہے کہ کل اعداد کو عدد 12 پر تقسیم کریں اور حاصل تقسیم کو خانہ اول میں رکھیں۔ اور ہر خانہ میں رفتار کے عدد سے خانہ اول کے اعداد سے ضرب دے کر لکھتے جائیں۔ اگر تقسیم کے عمل سے کچھ باقی بچے تو اسے خانہ ششم میں ڈالیں اور باقی خانوں میں بھی اس کا اضافہ کریں۔ نقش پر ہو جائے گا۔ ہر ضلع کا میزان برابر ہوگا۔ وتر کے میزان کے چکر میں نہ پڑیں۔ رفتار مثلث خالی البطن یہ ہے۔

۱	۸	۳
۵		۷
۶	۴	۲

مثلاً اعداد 251790 = کا نقش مثلث خالی البطن پر کرنا ہے۔

تو قانون کے مطابق اعداد 251790 کو 12 پر تقسیم کیا تو حاصل تقسیم 20982 آیا اور باقی 6 بچا اور اصل نقش یہ تیار ہوا۔

۷۸۶

۲۰۹۸۲	۱۶۷۸۶۲	۶۲۹۴۶
۱۰۴۹۱۰	یَامُعِزُّ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِکَ یَاعَزِیْزُ	۱۴۶۸۸۰
۱۲۵۸۹۸	۸۳۹۲۸	۴۱۹۶۴

وفق ۲۵۱۷۹۰

درمیانی خالی خانہ میں "یَامُعِزُّ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِکَ یَاعَزِیْزُ" تحریر کریں۔ اسے شرف شمس، شرف مشتری، شرف قمر، شرف زہرہ، یا ان سیاروں کے اوج کے اوقات یا ان کے منسوبی ایام میں ساعت متعلقہ میں سرخ کاغذ پر زعفران و ماء الورد کی روشنائی سے تحریر کریں۔ بھوج پتر یا ہرن کی جھلی پر بھی تحریر کیا جا سکتا ہے۔

تحریر شدہ نقش کو تہہ کر کے تعویذ بنا کر اس کے اوپر سونے کا ورق لپیٹ دیں۔ جو لوگ سونے کے ورق کی طاقت نہ رکھتے ہوں۔ وہ گولڈن کاغذ لپیٹ لیں۔

اب اس نقش کو چاندی کی انگشتری میں رکھ کر اوپر سرخ رنگ کا نگینہ جڑا لیں۔

عورتیں اسے اپنے لاکٹ میں رکھ کر سرخ نگینہ جڑا سکتی ہیں۔

یہاں تک طلسم کی تیاری کا آدھا کام مکمل ہوا ہے، باقی عمل کی تفصیل یہ ہے۔ جس دن نیا چاند طلوع ہو، اس رات انگشتری اونچی جگہ آسمان کے نیچے رکھیں۔ مثلاً آپ کے مکان کی جو سب سے اونچی چھت ہے یا دیوار ہے، اس پر رکھیں۔ واضح رہے کہ وہ جگہ بند نہ ہو۔ کشادہ ہو اور اس پر صرف آسمان کا سایہ ہو۔ اب اس کے سامنے بیٹھ کر ایک تسبیح سورہ القدر (من الف شھر) تک پڑھیں۔ اور انگشتری پر دم کریں۔ صبح سورج طلوع ہونے سے قبل اس کو اُٹھا کر اپنی تیسری یا سب سے چھوٹی انگلی میں پہن لیں۔ اگلی رات سورج غروب ہونے کے بعد انگشتری کو اونچی جگہ پر رکھ کر ایک تسبیح سورہ القدر حسب سابق پڑھ کر دم کریں اور اگلی صبح سورج طلوع ہونے سے قبل پہن لیں۔ چاند کی چودہ شب تک یہ عمل بلا ناغہ کریں۔ اب چودھویں شب کی صبح کو نماز فجر کے بعد انگشتری سامنے رکھ کر "یَامُعِزُّ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِکَ یَاعَزِیْزُ" ایک تسبیح پڑھ کر دم کریں۔ اور انگشتری کو پہن لیں اور اس کی حفاظت کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ان ایام کے اندر اندر اپنے مقصد کو پالیں گے۔ ناپاکی کی حالت میں بدن سے الگ رکھیں۔ پھر غسل کر کے پہن سکتے ہیں۔ دران عمل ہی حامل انگشتری کے مقاصد پورا ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ مگر ضروری ہے کہ عمل مکمل کریں تاکہ یہ طلسمی انگشتری آپ کو عمر بھر کام دے۔ ہماری دُعا ہے کہ ہر ضرورت مند اس عمل سے فیض یاب ہو۔

کوئی وعدہ نہیں
روحانی علاج (3)
کوئی دعویٰ نہیں
جسم مریض پر سے جادو جنات کے اثرات کو جلانا
اس روحانی علاج سے کم از کم سات اور زیادہ سے زیادہ اکیس یوم میں اثرات جل جاتے ہیں۔ دوسرے علاج کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے۔
شاگرد اور عاملین کے لیے رعایت
ہدیہ 1300 روپے
0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دار العمل حشتنگر
ruhanishop

بندش کے سرتاج عمل کے عامل بنیں

شاگردوں کیلئے 4100 روپے

یہ بندش کا سرتاج عمل ہے۔ بندش سے مراد کسی چیز کو باندھنے کے ہیں۔ یہ عمل خیر اور شر، دونوں میں چلتا ہے۔ اس عمل سے کئی کام لیے جاسکتے ہیں اور مختصر تفصیل درج ذیل ہے۔ یاد رہے کہ بندش کا عمل صرف اور صرف اس جگہ کیا جائے، جہاں شریعت اجازت دے۔ کسی معتبر مفتی صاحب سے پوچھ کر عمل کیا جائے۔ جو لوگ ناجائز کریں گے، ان شاء اللہ، ان کا عمل بھی بے اثر ہوگا اور شدید رجعت بھی ہوگی۔ ادارہ ایسے تمام افراد سے بری الذمہ ہے۔

چاند گرہن آغاز 30 نومبر دوپہر 12:32۔ اختتام 30 نومبر شام 16:53۔

سورج گرہن آغاز 14 دسمبر شام 18:33۔ اختتام 14 دسمبر رات 23:53۔

شادی، منگنی، رشتہ، محبت، طلاق وغیرہ

- محبت میں کسی کی عقل وخرد باندھنا تاکہ شدید محبت کرے۔
- محبت اور نیند باندھنا تاکہ مطلوبہ فرد رجوع کرے۔
- محبت کو ختم کرنا تاکہ مطلوبہ فرد سے جدائی ہو۔
- مخصوص جگہ منگنی باندھنا تاکہ وہیں ہو۔
- کسی خاص جگہ کے لئے نکاح باندھنا کہ وہیں ہو یا وہاں نہ ہو۔
- نکاح باندھنا تاکہ کسی جگہ نکاح نہ ہو۔
- طلاق باندھنا تاکہ شوہر طلاق نہ دے سکے یا بیوی خلع نہ لے۔
- بارات کی رخصتی باندھنا تاکہ رخصتی نہ ہو۔

بدکاری، ناجائز تعلقات، زنا، بدفعلی وغیرہ

- عورت کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی بھی مرد یا خاص مرد سے زنا نہ کرسکے۔
- مرد کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی بھی عورت یا خاص عورت سے زنا نہ کرسکے۔
- مرد کو بدفعلی سے باندھنا تاکہ کسی بھی مرد یا خاص مرد سے بدفعلی نہ کرسکے۔

مرض، حمل، صحت وغیرہ

- حمل باندھنا تاکہ عورت کو حمل نہ ہو۔
- صحت باندھنا تاکہ صحت نہ ہو۔
- مرد کا نطفہ باندھنا تاکہ مرد کے نطفے سے حمل نہ ٹھہرے۔

معاش، نوکری، ترقی، عہدہ وغیرہ

- کسی کی معاش باندھنا۔
- عہدہ باندھنا تاکہ عہدہ قائم رہے۔
- ترقی باندھنا تاکہ ترقی نہ ہو۔
- دوکان باندھنا تاکہ دکان نہ چلے۔
- سفر باندھنا تاکہ اندرون وبیرون ملک سفر نہ کرسکے۔

بری عادات

- چوری کرنے کی عادت باندھنا تاکہ چوری نہ کرسکے۔
- شراب نوشی کی عادت باندھنا تاکہ شراب نہ پی سکے۔
- مارنے کی عادت باندھنا تاکہ کسی کو بھی نہ مار سکے۔
- قدم باندھنا تاکہ گھر سے باہر آوارہ نہ پھرے۔
- بے جا غصہ باندھنا تاکہ ناجائز غصہ نہ کرے۔
- مارنے وگالیاں دینے کی عادت باندھنا تاکہ کسی کو نہ مارے اور نہ گالی دے سکے۔

زبان بندی، دشمن وغیرہ

- زبان بندی تاکہ مخالف شخص کی سائل کے حق میں زبان بند ہوجائے۔
- مخلوق کی زبان بندی تاکہ کوئی بھی سائل کے خلاف نہ بولے۔
- دشمنی اور حسد باندھنا تاکہ دشمن دشمنی اور حسد چھوڑ دے۔
- نیند باندھنا، دشمن حد سے گذر جائے تو اس کی نیند سزا کے طور پر باندھنا۔

متفرق

- کسی خاص گھر جانے سے روکنا۔
- کسی کا عمل باندھنا تاکہ اس عامل کا عمل نہ چلے۔
- عقل وخرد باندھنا تاکہ سائل کے حق میں تسخیر ہوجائے۔
- نظر باندھنا تاکہ دیکھنے کی عادت ختم ہو۔ کچھ لوگوں میں یہ عادت ہوتی ہے کہ بلاوجہ کسی بھی چیز یا شخص کو گھور گھور کر دیکھتے ہیں۔

نوٹ اس طرح کے اور بہت سے کام ہیں جو کئے جاسکتے ہیں۔ ہمارا مقصد اس علم کو سکھانے سے ہرگز یہ نہیں کہ معاشرے میں فساد پھیلے۔ اس لئے ہر کسی کو نہیں سکھایا جاتا۔ ضرورت پڑنے پر حلف نامہ بھی لیا جاسکتا ہے۔

نوٹ حروف صوامت کے وہ عاملین، جنہوں نے یہ عمل کسی اور کی زیر نگرانی کیا ہو، وہ خصوصی اعمال کی کاپی 1500 روپے میں حاصل کریں۔

0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
روحانی درسگاہ دارالعمل الاہور پاکستان
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

تعویذ خیر وبرکت کی تفصیل goo.gl/6hsXr7

ایک ہی دن میں کئی اعمال کے عامل بننے کا سنہری موقع

عاملین اور طالبین علوم روحانیات اس وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں تا کہ طویل قسم کی پرہیزوں والی چلہ کشی کی بجائے ایک ہی وقت میں عمل کر کے کسی خاص عمل کا عامل بنا جاسکے اور ایک سال تک اس کو استعمال بھی کیا جاسکے۔ آپ بغیر نقصان اور رجعت کے کئی اعمال کے عامل بن سکتے ہیں۔

چاند گرہن آغاز 30 نومبر دوپہر 12:32۔ اختتام 30 نومبر شام 16:53۔

سورج گرہن آغاز 14 دسمبر شام 18:33۔ اختتام 14 دسمبر رات 23:53۔

نورانی اعمال

- حصارِ خاص
- حصارِ قرآنی کبیر
- دعائے حیدری
- سات سلام
- آیت شفاء
- منزل کا عمل
- سورۃ اخلاص
- سورۃ جن
- سورۃ قریش
- اَفَحَسِبْتُمْ کے عمل کے عامل بنیں

علوی نورانی اعمال

- عمل باندھ جادو
- عمل عصائے کلیم اللہ
- مندرہ شاہ علی
- مندرہ کبیر
- نورانی مندرہ

خاص خاص اعمال

- بکرے والا عمل
- سری والا عمل
- تھیلی والا عمل
- اونٹ کی ہڈی والا عمل

علوی اعمال

- چہل کاف 2
- چہل کاف 3
- چہل کاف 4
- قصیدہ غوثیہ
- عمل حب خاص 1
- عمل حب خاص 2
- عمل واپسی سحر 1
- عمل واپسی سحر 2

باموکل اعمال

باموکل اعمال کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ ان میں سخت پرہیز کے ساتھ چلہ کشی کرنا اور پھر تھوڑی سی غلطی پر رجعت اور نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ باموکل اعمال کرنے کے لیے گرہن کا وقت ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ بغیر کسی نقصان و رجعت کے عمل کریں۔

- آیت الکرسی باموکل
- آیت قطب باموکل
- چہل کاف باموکل
- سورۃ اخلاص باموکل 1
- سورۃ اخلاص باموکل 2
- سورۃ مزمل باموکل
- سورۃ یٰسین باموکل
- سورۃ فیل باموکل
- سورۃ جن باموکل
- سورۃ کوثر باموکل
- سلام قولا من رب رحیم باموکل
- حسبنا اللہ و نعم الوکیل باموکل
- بسم اللہ باموکل
- اللہ الصمد باموکل
- آیت کریمہ باموکل

نوٹ ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے باموکل اور خاص خاص اعمال ہیں جو عاملین حضرات کر سکتے ہیں۔

0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97
روحانی درسگاہ دارالعمل الحشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

تعویذ حفظ و جان کی تفصیل goo.gl/ckrYvj

حافظ مسعود الرحمن ڈار (اسلام آباد)

روحانی حصار و حفاظت کے اعمال

حصار برائے ہر بلا مصیبت، آفت جنگ وغیرہ

طریقہ: پہلے سات دفعہ آیت الکرسی اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی درمیان میں یہ آیت تین مرتبہ پڑھے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّھَارَ یَطْلُبُہٗ حَثِیْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِہٖ ؕ اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ (پارہ نمبر 8، آیت 54)

تین دفعہ اس کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور ہاتھوں پر پھونک مار کر اپنے تمام جسم پر ہاتھ پھیرے اور شہادت کی انگلی پر پھونک مار کر پہلے اپنا حصار کرے۔ چوبیس گھنٹے تک ہر قسم کی بلا، آفت، تلوار، بندوق، توپ، بم وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ چوبیس گھنٹے کے بعد پھر یہی حصار کرے، دورانِ جنگ اگر صبح و شام کرے تو زیادہ بہتر ہے۔

دعائے روحانی حفظ و امان

حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص ہر روز بعد نماز فجر یہ دعا ایک بار پڑھے اور اپنے اہل و عیال پر دم کرلے تو اگر سات طبقہ آسمان و زمین زیر و زبر ہو جائیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ ان کا بھی بال بیکا نہ ہوگا۔ اگر پتھر بھی آسمان سے برسیں تو حق تعالیٰ جل جلالہ انہیں اپنی حفاظت میں رکھے گا۔ صدقِ دل سے پڑھنا شروع کیجیے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَا اِلٰہَ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝ یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا لَطِیْفُ لِمَا یَشَآءُ اِنَّہٗ ھُوَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ ۝

حفاظتِ جان و مال ہر قسم

حدیث پاک میں ہے جو شخص صبح و شام تین تین مرتبہ یہ کلمات پڑھ لے تو اس کی جان اور اس کے مال وغیرہ میں کسی بھی قسم کا نقصان نہ ہوگا۔ کلمات یہ ہیں: اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ۔ مَاشَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَاْ لَمْ یَکُنْ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ وَّ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ۔ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا۔ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔

نوٹ: عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ اور مَاشَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَاْ لَمْ یَکُنْ کی تین تین بار تکرار کریں۔

امانت و حفاظت الٰہی

دنیا کے تمام خطرات سے حفاظت رہتی ہے اور اللہ تعالیٰ غیب سے امداد فرماتا ہے۔ پس آپ کو چاہیے کہ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ۔ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ بلا تعداد پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ آپ دنیا کے خطرات سے محفوظ رہیں گے۔

دعا حفظ و امان و عمر درازی

شیخ محمد بن یوسف مندی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص ان آیاتِ مبارکہ کو دن یا رات میں پڑھے گا تو وہ اللہ کی حفظ و امان میں رہے گا اور اس کا کوئی بال بیکا نہ ہوگا۔ آیاتِ مبارکہ یہ ہیں: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۝ (التوبۃ: ۱۲۸)

حصار بندی جان و مال حفاظت

عدل کرسی بدل کرسی۔ کرسی دین قرآن۔ جنہاں نے محمدؐ پڑھیا ثابت رہن ایمان۔ لوہے کا کوٹ تانبے کا تالا۔ اک لکھ 24 ہزار پیغمبر میری جان کا رکھوالا، حضرت سلیمان پیغمبر ویکھاں تیری رکھ دا تماشہ۔

طریقہ: سات بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور کلمہ شہادت کی انگلی پر دم کر کے اپنے چاروں طرف گھمائیں۔ ان شاء اللہ ہر قسم کی حفاظت اللہ تعالیٰ فرمائے گے۔ اللہ پاک ہم سب مسلمانوں کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ آمین

Whatsapp +92 302 4778796
www.facebook.com/groups/magazinekhazina

جنت کے بدلے میں

حافظ نعمان شمس

حضور ﷺ ایک مرتبہ مسجد میں تشریف فرما تھے۔ ایک شخص آیا اور کہنے لگا یارسول اللہ! میرا ایک پڑوسی ہے، اس کے گھر میں جو کھجور لگی ہوئی ہے وہ ہمارے گھر میں جھکی ہوئی ہے، اس کی چند شاخیں میرے گھر میں بھی آتی ہیں۔ کھجور کے زمانہ میں جب کھجوریں پک کر گرتی ہیں تو میرے بچے بھی اٹھا کر کھا لیتے ہیں۔ یہ دوڑ کر آتا ہے اور ان کے منہ سے نکال لیتا ہے۔ تو آپ ﷺ اسے کہیں کہ بچوں کا کیا ہے۔ ان پر اتنی سختی تو نہ کیا کر، اگر وہ دو چار گری ہوئی کھجوریں اٹھا کر کھا لیتے ہیں تو کیا حرج ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا بہت اچھا۔ آپ ﷺ نے اس پڑوسی کو بلوایا اور فرمایا کہ ہاں بھئی ایک سودا کرتے ہو؟ اس نے کہا، کیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا یہ ایک کھجور مجھے دے دو، میں اس کے بدلے تمہیں جنت میں کھجوریں لے کر دوں گا۔ اس نے کہا یہ کھجور مجھے بڑی پسند ہے۔ اس کا پھل بڑا مزیدار ہے۔ میرا باغ اور بھی ہے لیکن یہ کھجور دینے کو میرا جی نہیں چاہتا۔ آپ ﷺ خاموش ہو گئے۔ یہ شخص صحابی نہیں تھا بلکہ منافق تھا لیکن آپ ﷺ نے منافقوں سے بھی مسلمانوں والا معاملہ کیا۔ سوائے حضرت حذیفہؓ کے کسی کو ان کا نام تک بھی نہیں بتایا۔ انہیں بھی اس لئے بتایا کہ اگر نقصان پہنچائیں تو کوئی تو نشاندہی کرنے والا ہو۔ اور وصیت فرمائی کہ یہ راز مرتے دم تک کسی کو نہیں بتانا۔

اسی مجلس میں ایک صحابی اور بھی تشریف فرما تھے۔ حضرت ابودحدحؓ نام تھا ان کا، کہنے لگا یارسول اللہ! اگر میں یہ کھجوریں آپ ﷺ کو لے کر دے دوں، آپ ﷺ میرے ساتھ وعدہ کرتے ہیں کہ جنت میں درخت لے کر دیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا بالکل عدہ ہے۔ وہ ان منافقوں کے پاس چلے گئے۔ کہنے لگے یہ کھجور بیچتے ہو؟ وہ کہنے لگا جاؤ اپنا کام کرو، میں نے اللہ کے رسول کو نہیں بیچی، تمہیں کیا بیچوں گا۔ تو کہنے لگا جو قیمت تیرے منہ میں آئے گی میں اسی پر خریدنے کو تیار ہوں۔ حضرت ابودحدحؓ کا ایک باغ تھا جس میں چھ سو کھجوریں لگی ہوئی تھیں۔ آپ تاجر ہیں، آپ کو ان کی صحیح قیمت کا اندازہ نہیں ہو سکتا، میں زمیندار ہوں، مجھے پتہ ہے ان چھ سو کھجوروں کی مالیت کتنی ہو سکتی ہے۔ منافق نے کہا اپنا باغ دے دو، کھجور لے لو۔ ایسی قیمت لگائی جو وہ ادا ہی نہ کر سکیں تو جب کوئی آدمی سستا سودا کر لے تو دوسرا اسے پکا کرتا ہے تاکہ کہیں پھر نہ جائے۔ کیونکہ جو گھاٹے میں رہے وہ پھر بھی جاتا ہے۔ اب بظاہر تو حضرت ابودحدحؓ کا سارا باغ گیا اور صرف ایک کھجور ملی، وہ بھی کسی اور شخص کو دینی ہے، خود نہیں لینی، تو پھر نا تو ان کو چاہیے تھا کہ نہیں بھئی، اتنا بڑا سودا میں نہیں کر سکتا، تم دس کھجوریں لے لو، یا بیس لے لو۔ وہ منافق کہنے لگا میرا دماغ خراب ہے جو میں پھروں گا، کہنے لگے، چلو ڈن ہو گیا، باغ تیرا کھجور میری، سودا کرنے کے بعد دوڑے ہوئے آئے یارسول اللہ ﷺ! میں نے کھجور لے لی ہے، سودا ہو گیا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا کتنے میں لی؟ کہنے لگے سارا باغ دے دیا کھجور لے لی، آپ ﷺ نے فرمایا پھر ہمارا بھی پہلا سودا کینسل ہو گیا، اب ایک کھجور نہیں جنت میں تیرے لئے کھجوروں کے بے شمار باغات لگ گئے ہیں اور بے شمار محل اللہ نے تیرے لیے تیار کر دیئے ہیں پھر وہ باغ کے اندر نہیں گئے کہ کہیں نیت نہ بدل جائے۔ باہر کھڑے ہو کر بیوی کو پکارا کہ باہر آ جاؤ، بچوں کو بھی لے آؤ، وہ کہنے لگیں۔ کیوں؟ انہوں نے کہا کہ ہم نے باغ فروخت کر دیا ہے۔ پوچھنے لگی کہ کس کو بیچا ہے؟ ابودحدحؓ نے کہا کہ اللہ کے نبی کو دے دیا ہے۔ اس کے بدلے میں جنت میں ہمارے باغ لگ گئے ہیں۔ گھر تعمیر ہو چکے ہیں۔ عورتیں تو اس معاملے میں کمزور ہوتی ہیں۔ لیکن ان کی بیوی بجائے شور مچانے کے کہنے لگیں مبارک ہو، آپ نے بڑا اعلیٰ سودا کیا ہے۔

مفت روحانی خدمات منگوانے والے توجہ دیں

روحانی علاج گاہ سے مفت خدمات منگوانے والوں سے گذارش ہے کہ کچھ حضرات کو پن واٹس ایپ پر بھیج دیتے ہیں جب کہ ہماری شرائط میں کوپن بھیجنا ضروری ہے۔ ایسے تمام حضرات کو مفت روحانی خدمات بھیجنے سے معذرت ہوگی اور جو عاملین اپنے مریضوں کے لئے منگواتے ہیں ان سے گذارش ہے کہ کوپن میں مریض کی مکمل تفصیل لکھ کر بھیجا کریں۔

0342-7772772, 042-35410586
روحانی علاج گاہ دارالعمل حنفیہ
ruhaniilajgah
darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com
0324-7772772 ruhaniilajgah96

khazinailmoamal.blogspot.com

عملِ یٰسٓ

حضرت مولانا حسن الہاشمی دامت برکاتہم (دیوبند)

اس کے عدد ستر (۷۰) ہیں۔ یہ حروف جس سورت کے شروع میں آئے ہیں، وہ قرآن حکیم کی بہت اہم اور مشہور و معروف سورت ہے۔ احادیث نبوی ﷺ سے یہ ثابت ہے کہ یہ سورۃ قرآن حکیم کا دل ہے۔ عاملین کے نزدیک بھی یہ سورۃ حد سے زیادہ اہمیت اور فضیلت رکھتی ہے اور اس کی چلہ کشی سے عاملین بے شمار فائدے اٹھاتے ہیں۔ اس سورۃ کی تلاوت نزع کی حالت میں بیمار کو سنانا مسنون ہے اور اس کی تلاوت سے جان کنی کی تکلیف میں آسانی ہوجاتی ہے۔

سورۂ یٰسین میں لفظ ''مبین'' سات جگہ آیا ہے اور ہر مبین کی ایک الگ تاثیر ہے۔ یٰسین کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ ''یٰسین مبین'' پڑھا جائے اور ستر (۷۰) دن تک پڑھا جائے اور جب ستر (۷۰) دن پورے ہوجائیں تو عامل دنیا کی ہر مشکل کے لئے، خواہ وہ اپنی ہو یا پرائی، دعا کرے۔

جن بیماریوں کا حال بُرا ہو اور علاج سے بھی انہیں سکون نہ ہو تو ایسے مریضوں کو عامل پانچ خانوں کا نقش بنا کردے اور تاکید کردے کہ اس نقش کو مریض ہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کرکے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ ان شاء اللہ فی الفور اثر کرے گا اور طبیعت ٹھیک ہوجائے گی۔ عامل اس نقش کے نوّے (۹۰) روپے مریض سے وصول کرسکتا ہے، اس سے زیادہ نہیں۔ نقش اس طرح بنے گا:

۷۸۶

یٰسین مُبین	
یٰسین مُبین	یٰسین مُبین
یٰسین مُبین	یٰسین مُبین

جس عامل نے ''یٰسین مُبین'' کی حسب طریقہ زکوٰۃ ادا کردی ہو گی، وہ جس پر بھی ستر (۷۰) مرتبہ یٰسین مبین پڑھ کر دم کردے گا، وہ مریض ٹھیک ہوجائے گا۔

مریض کی غیر موجودگی میں اگر عامل نے یٰسین مبین ستر (۷۰) مرتبہ پڑھ کر کسی کا نام لے کر اس کے لئے دعا کی، تب بھی دعا قبول ہوجائے گی اور بفضلِ خداوندی مریض تندرست ہوجائے گا۔

اسی طرح اس کا عامل جس کو بھی یہ پانچ خانوں والا نقش دے گا، اس کو اپنے مقصد میں کامیابی ملے گی۔

بعض بزرگوں نے یہ فرمایا ہے کہ اس کی زکوٰۃ ادا کرنے والے کو چاہئے کہ وہ پہلے دن اور آخری دن یعنی ستر (۷۰) ویں دن سورۂ یٰسین سات مرتبہ پڑھ کر یٰسین مبین پڑھنا شروع کرے۔

زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد روزانہ صرف سات (۷) مرتبہ پڑھنا کافی ہے۔ پانچ خانوں والا نقش مقدمہ کے لئے بھی تیر بہدف ہے اور تسخیر و مقبولیت کے کاموں میں بھی اثر انداز ہوتا ہے۔

عامل کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایک مریض پر ایک دن دعا پڑھنے کا ہدیہ اگر اس کے گھر جاکر پڑھتا ہے، نوّے (۹۰) روپے سے زیادہ نہ لے اور اگر گھر بیٹھ کر پڑھتا ہے تو ستائیس (۲۷) روپے سے زیادہ نہ لے۔ اگر اس کے خلاف کرے گا تو عمل ضائع ہوجائے گا۔

یہ عمل خاص طور پر ان لوگوں کے لئے ''خزانہ قدرت'' ہے جو پہلے سے بھی سورۂ یٰسین کے عامل ہیں۔ وہ خاص طور پر اس عمل سے استفادہ کرکے، اللہ کے بندوں کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔

مزارات سے فیض اور ہمارے اکابر

تالیف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

عام قیمت 450 روپے

منفرد کتاب

◆ صحابہ کرامؓ، واہل بیت عظامؓ اور اولیائے کرامؒ کی صاحب مزار سے ملاقاتوں، ایصال ثواب سے صاحب قبر کے خوش ہونے، مرنے کے بعد زندہ رہنے والوں اور مزارات سے فیض حاصل کرنے کے حیرت انگیز واقعات پر مشتمل لاجواب کتاب۔ زیارت قبور احادیث مبارکہ کی روشنی میں ◆ صاحب مزار سے صحابہ کرامؓ کی ملاقاتیں ◆ روضہ اقدس ﷺ سے فیض پانے والے ◆ صاحب مزار کا مختلف معاملات میں رہنمائی کرنا ◆ مزارات سے فیض پانے والے اولیائے کرامؒ ◆ مزارات کا ادب اور ہمارے اکابرؒ

0332-4487877, 042-35410586

مکتبۃ العارف دار العشیۃ +maktabatulaarif

چھپے چھپائے تعویذات

روحانی دکان میں مختلف قسم کے چھپے ہوئے تعویذات دستیاب ہیں جو روحانی علاج میں استعمال ہوتے ہیں۔ آج کل وقت کی شدید کمی کے باعث زیادہ تعویذات لکھنا ممکن نہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہاتھ سے لکھے ہوئے تعویذات کی تاثیر، چھپے ہوئے تعویذات سے زیادہ ہوتی ہے۔ اس لئے عاملین چھپے ہوئے تعویذات پر اپنا عمل پڑھ کر دم کر دیتے ہیں تاکہ ان میں بھی تاثیر بڑھ جائے۔

روحانی درسگاہ کے اعمال کی کاپیوں کے تعویذات

❁ سات سلام اور چہل کاف ❁ امنٹ باللہ کا خاص عمل ❁ ہانڈی کی کاپی
❁ حُب کی خاص بیاض ❁ منزل ❁ عمل شفائے امراض ❁ حصار قرآنی کبیر

قرآنی تعویذات

❁ اللہ اکسیر قرآنی ❁ آیت الکرسی ❁ آیت قطب ❁ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
❁ چاروں قل ❁ سلام قولا من رب رحیم ❁ سورۃ احزاب ❁ سورۃ بقرہ
❁ سورۃ جن ❁ سورۃ طٰہٰ ❁ سورۃ مریم ❁ سورۃ مزمل ❁ سورۃ یٰس ❁ سورۃ یوسف ❁ لاعلاج امراض ❁ معوذتین ❁ منزل

نورانی تعویذات

❁ اسماء الحسنیٰ ❁ اصحاب کہف ❁ بچوں کی ہر آفت سے حفاظت ❁ برائے سخت امراض ❁ تعویذ حضرت درخواستی ❁ دعائے حزب البحر ❁ دعائے حزب النصر ❁ حفاظت خاص ❁ سفر میں حفاظت ❁ درود ابراہیمی ❁ درود تنجینا ❁ دعائے استعاذہ ❁ رقیہ نظر و حسد ❁ سورۃ فاتحہ + یاحی حین ❁ شجرہ چشتیہ ❁ شجرہ قادریہ ❁ لاحول ولاقوۃ

❁❁ مختلف قسم کے چراغ میں جلانے والے فلیتے اور جسم پر مل کر جلانے والے تعویذات بھی دستیاب ہیں۔

روحانی دکان دارالعمل حشتیہ 0346-4312272, 042-35410586 ruhanishop

کوئی دعویٰ نہیں — کوئی وعدہ نہیں

اونٹ کی ہڈی کی تسبیحات

اونٹ کی ہڈی کی تسبیح عاملین میں بے حد مقبول ہے۔ باہر کے ملکوں میں اسے ہاتھی دانت کی تسبیح کر کے بیچا جاتا ہے۔ اس کا روحانی فائدہ یہ ہے کہ جہاں یہ ہو وہاں جادو واثر نہیں کرتا۔

پتھر	دانے	قیمت
گول، چپنی نارمل (پیور)	33	1000
گول (پیور)	100	1500
چپنی نارمل (پیور)	100	1500
چپنی جمبو (پیور)	100	2000
گول (مکس)	33 باریک دانہ	225
گول (مکس)	100 درمیانہ	550
گول (مکس)	100 موٹا دانہ	800
چپنی (مکس)	100 درمیانہ دانہ	350
چپنی (مکس)	100 باریک	225
چپنی (مکس)	100 جمبو سائز	500

نیز اس کے علاوہ آپ جس بھی پتھر کی تسبیح بنوانا چاہے آرڈر پر بنوا کے دی جا سکتی ہے۔

روحانی دکان دارالعمل حشتیہ 0334-4312272, 042-35410586 ruhanishop

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کی ممبرشپ کے فوائد

۱ اتوار والے دن ممبران کی مریضوں کی رش کے باوجود جلدی باری آنا۔
۲ روحانی درسگاہ کی طرف سے مختلف اعمال کی عامل بننے کی بغیر فیس مکمل رہنمائی۔
۳ دس مزید ممبران بنانے پر روحانی درسگاہ کی طرف سے ہر کورس/عمل پر ۱۰ فیصد رعایت۔
بیس ممبران بنوانے پر ۱۵ فیصد رعایت۔
۴ چھپے چھپائے تعویذات اور دیگر روحانی دکان کی اشیاء پر رعایت۔
۵ پانچ ممبران بنانے پر ایک سال کی ممبرشپ مفت۔
۶ ممبران کی روحانی تشخیص کی کوئی فیس نہیں۔
۷ ممبران کے خطوط کے ترجیحی بنیاد پر جوابات۔
۸ ممبران کو شعبہ نشر واشاعت کی طرف سے شائع کردہ کتب میں رعایت۔
۹ ممبران کو درسگاہ کے کچھ مخصوص اعمال میں رعایت۔
۱۰ ممبران کو اسلامی، روحانی، طبی و دیگر کتب و رسائل کی قیمتوں میں رعایت۔

اہم نوٹ: ششماہی یا سال سے کم کی ممبرشپ حاصل کرنے والوں کو درج بالا فوائد مکمل حاصل نہ ہو سکیں گے۔

شعبہ نشر واشاعت 0322-4773786, 042-35410586
darulamal.org/publications, info@darulamal.org

khazinaeruhaniyaat.blogspot.com

خوشگوار زندگی کے بارہ اصول

ستمبر کے شمارے میں پانچواں اصول بیان کیا گیا تھا۔ مزید ملاحظہ فرمائیں:

چھٹا اُصول: ذکر الٰہی

جو لوگ دنیاوی تکالیف ومصائب کی وجہ سے ہر وقت غمگین رہتے ہوں اور غموں اور صدموں نے ان کی خوشیاں چھین لی ہوں، ان کی طبیعت کی بحالی اور اطمینانِ قلب کیلئے چھٹا اُصول 'ذکر الٰہی' ہے۔ فرمان الٰہی ہے:

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾ (الرعد:۲۸)

''جو لوگ ایمان لاتے ہیں اور ان کے دل اللہ کے ذکر سے مطمئن ہوجاتے ہیں، یادرکھو! دل اللہ کے ذکر سے ہی مطمئن ہوتے ہیں۔''

اور سب سے افضل ذکر ''لاإله إلاالله'' ہے۔ اسی طرح قرآن مجید کی تلاوت کہ جس کے ایک ایک حرف پر دس دس نیکیاں ملتی ہیں، پھر ''سبحان الله، الحمدلله، الله أكبر'' کہ جنھیں جنت کے پودے قرار دیا گیا ہے اور پھر ''لاحول ولا قوة إلا بالله'' کہ جو جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ اور قرآن مجید کی مذکورہ آیت کی روشنی میں ہمیں بحیثیت مومن اس بات پر یقین کامل ہونا چاہیے کہ ذکر الٰہی سے ہی دلوں کو تازگی ملتی ہے، حقیقی سکون نصیب ہوتا ہے اور پریشانیوں اور غموں کا بوجھ ہلکا ہوتا ہے! لیکن افسوس ہے کہ آج کل بہت سارے مسلمان اپنے غموں کا بوجھ ہلکا کرنے اور دل بہلانے کیلئے گانے سنتے اور فلمیں دیکھتے ہیں، حالانکہ اس سے غم ہلکا ہونے کی بجائے اور زیادہ ہوتا ہے۔ کیونکہ گانے سننا اور فلمیں دیکھنا حرام ہے اور حرام کام سے سوائے غم اور پریشانی کے اور کچھ نہیں ملتا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

لَيَكُوْنَنَّ مِنْ أُمَّتِيْ أَقْوَامٌ يَسْتَحِلُّوْنَ الْحِرَ وَالْحَرِيْرَ، وَالْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ

''میری امت میں ایسے لوگ ضرور آئیں گے جو زنا کاری، ریشم کا لباس، شراب نوشی اور موسیقی کو حلال سمجھ لیں گے۔'' (بخاری: ال أشربة، باب ماجاء فيمن يستحل الخمر ويسميه بغير اسمه: ۵۵۹۰) ان چار چیزوں کو حلال سمجھنے سے مقصود یہ ہے کہ یہ حقیقت میں تو حلال نہیں ہیں لیکن لوگ انہیں حلال تصور کرلیں گے، گویا یہ حرام ہیں اور موسیقی کس قدر بری چیز ہے، اس کا اندازہ آپ اس سے لگا سکتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے زنا کاری اور شراب نوشی جیسے بڑے ہی بھیانک گناہوں کے ساتھ ذکر کیا ہے۔

اور نگاہ کی حفاظت کے بارے میں فرمان الٰہی ہے:

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿۳۰﴾

(النور:۳۰)

